# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INDUSTRIES AND PRODUCTION ON THE STARRED QUESTION NO.51 MOVED BY SYED RAFIULLAH, MNA

I, Chairman of the Standing Committee on Industries and Production, have the honour to present this report on Starred Question No, 51 referred to the Committee on 09th August, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| (1) | Syed Hafeezuddin | Chairman |
| (2) | Chaudhary Farrukh Altaf | Member |
| (3) | Mr. Shahid Usman | Member |
| (4) | Mr. Riaz Ul Haq | Member |
| (5) | Mr. Sajid Mehdi | Member |
| (6) | Ms. Kiran Imran Dar | Member |
| (7) | Syed Murtaza Mahmud | Member |
| (8) | Ms. Romina Khurshid Alam | Member |
| (9) | Dr. Mahesh Kumar Malani | Member |
| (10) | Mr. Abdul Hakeem Baloch | Member |
| (11) | Ms. Naz Baloch | Member |
| (12) | Dr. Mahreen Razzaq Bhutto | Member |
| (13) | Chaudhry Tariq Bashir Cheema | Member |
| (14) | Mr. Muhammad Iqbal Khan | Member |
| (15) | Mr. Muhammad Mobeen Arif | Member |
| (16) | Mr. Muhammad Saad Ullah | Member |
| (17) | Rana Atif | Member |
| (18) | Mr. Muhammad Ali Sarfraz | Member |
| (19) | Mr. Muhammad Arshad Sahi | Member |
| (20) | Syed Raza Ali Gillani | Member |
| (21) | Minister for Industries and Production | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered Starred Question No.51, placed at (Annex-A), in its meetings held on 27-09-2024; 20-11-2024; 30-01-2025 and 24-02-2025. The Committee recommended to dispose off the Question with observation that the Government shall take all necessary steps to implement the minimum wage laws in Pakistan.

Sd/-
TAHIR HUSSAIN
Secretary General
Islamabad, the 19th March, 2025

Sd/-
(SYED HAFEEZUDDIN)
Chairman

51. ***Syed Rafiullah:**

*Will the Minister for Industries and Production be pleased to state:*

*(a) whether the Ministry obtains confirmation from time to time from the departments under its administrative jurisdiction regarding the implementation of payment of minimum wages declared by the Government; if so, the details thereof;*

*(b) whether each of the aforesaid departments adheres to the minimum wage regulations for its employees, irrespective of the nature of their appointment;*

*(c) whether any department of the Ministry has been found for not complying with minimum wage regulations;*

*(d) if so, the reasons for such non-compliance;*

*(e) what punitive measures are being taken by the Government to address the matter; and*

*(f) what steps are being taken by the Ministry to ensure that the minimum wage regulations announced in Budget, 2024 are implemented in all departments of the aforesaid Ministry?*

**Minister for Industries and Production (Rana Tanveer Hussain)**: (a) Yes, the Ministry obtains confirmation from time to time from all the companies regarding the implementation of payment of minimum wages declared by the Government of Pakistan.

(b) Yes, all the companies adhere to the minimum wage's regulations for its employees, irrespective of the nature of their appointment.

(c) None.

(d) Not Applicable.

(e) Not applicable, since all companies are adhering to the minimum wages regulations.

(f). All the companies are strictly following the minimum wages regulations as announced in the Budget 2024. The Ministry also seek compliance report from all the companies for its implementation.

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## سید رفیع اللہ، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار ۹/ اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **سید حفیظ الدین** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | چوہدری فرخ الطاف | رکن |
| ۳۔ | جناب شاہد عثمان | رکن |
| ۴۔ | جناب ریاض الحق | رکن |
| ۵۔ | جناب ساجد مہدی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ کرن عمران ڈار | رکن |
| ۷۔ | سید مرتضیٰ محمود | رکن |
| ۸۔ | محترمہ رومینہ خورشید عالم | رکن |
| ۹۔ | ڈاکٹر مہیش کمار ملانی | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالحکیم بلوچ | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ ناز بلوچ | رکن |
| ۱۲۔ | ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو | رکن |
| ۱۳۔ | چوہدری طارق بشیر چیمہ | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اقبال خان | رکن |
| ۱۵۔ | جناب محمد مبین عارف | رکن |
| ۱۶۔ | جناب محمد سعد اللہ | رکن |
| ۱۷۔ | رانا عاطف | رکن |
| ۱۸۔ | جناب محمد علی سرفراز | رکن |
| ۱۹۔ | جناب محمد ارشد ساہی | رکن |
| ۲۰۔ | سید رضا علی گیلانی | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر برائے صنعت و پیداوار | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۷ ستمبر، ۲۰۲۴ء، ۲۰ نومبر، ۲۰۲۴ء، ۳۰ جنوری، ۲۰۲۵ء اور ۲۴ فروری، ۲۰۲۵ء کو اپنے منعقدہ اجلاسوں میں (منسلکہ۔الف) کے طور پر موجود نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر غور کیا۔ کمیٹی نے اس رائے کے ساتھ سوال کو نمٹانے کی سفارش کی کہ حکومت پاکستان میں کم از کم اجرت کے قوانین پر عملدرآمد کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

| | |
|---|---|
| **دستخط/۔** | **دستخط/۔** |
| **(طاہر حسین)** | **(سید حفیظ الدین)** |
| سیکرٹری جنرل | چیئرمین |

اسلام آباد، ۱۹ مارچ، ۲۰۲۵ء

51۔ *سید رفیع اللہ:

کیا وزیر برائے صنعت و پیداوار بیان فرمائیں گے:

(الف) آیا وزارت حکومت کی جانب سے اعلان کردہ کم از کم اجرت کی ادائیگی پر عملدرآمد سے متعلق اس کے اپنے انتظامی دائرہ اختیار کے تحت آنے والے محکموں سے وقتاً فوقتاً تصدیق حاصل کرتی ہے؛ اگر ایسا ہے تو اس کی تفصیلات کیا ہیں؛

(ب) آیا مذکورہ بالا ہر ایک محکمے اپنے ملازمین کے لیے ان کی تقرری کی نوعیت کے قطع نظر کم از کم اجرت کے ضوابط کی پابندی کرتے ہیں؛

(ج) آیا وزارت کا کوئی محکمہ کم از کم اجرت کے ضوابط کی تعمیل نہ کرتے ہوئے پایا گیا ہے؛

(د) اگر ایسا ہے تو مذکورہ عدم تعمیل کی وجوہات کیا ہیں؛

(ہ) مذکورہ معاملہ سے نمٹنے کے لیے حکومت کون سے تعزیری اقدامات کر رہی ہے؛ نیز

(و) اس بات کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے کہ بجٹ ۲۰۲۴ء میں اعلان کردہ کم از کم اجرت کے ضوابط پر مذکورہ بالا وزارت کے تمام محکموں میں عملدرآمد کیا جائے؟

وزیر برائے صنعت و پیداوار (رانا تنویر حسین): (الف) جی ہاں، وزارت ہذا حکومت پاکستان کی جانب سے اعلان کردہ کم از کم اُجرت کی ادائیگی پر عملدرآمد سے متعلق تمام کمپنیوں سے وقتاً فوقتاً تصدیق کرتی ہے۔

(ب) جی ہاں، تمام کمپنیاں اپنے ملازمین کی تقرری کی نوعیت سے قطع نظر اُن کے لیے کم از کم اُجرت کے ضوابط پر عمل درآمد کرتی ہیں۔

(ج) کوئی نہیں۔

(د) اطلاق نہیں ہوتا۔

(ہ) اطلاق نہیں ہوتا، چونکہ تمام کمپنیاں کم از کم اُجرت کے ضوابط پر عملدرآمد کر رہی ہیں۔

(و) تمام کمپنیاں بجٹ 2024ء میں اعلان کردہ کم از کم اُجرت کے ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کر رہی ہیں۔ وزارت اِن پر عملدرآمد کے لیے تمام کمپنیوں سے تعمیلی رپورٹ طلب کرتی ہے۔